## ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قصبہ علی گڑھ کالونی میں امدادی پروگرام کا انعقاد

## امدادی پروگرام میں غرباء، مساکین اور مستحقین میں لاکھوں روپے مالیت کا سامان تقسیم کیا گیا

## سیاست برائے خدمت کے فلسفے پر عمل پیرا ہوکر عوام کے مسائل ومشکلات کے حل میں

## مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے، مصطفیٰ کمال، توصیف خانزادہ

کراچی ۔۔۔6، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علیگڑھ کالونی سیکٹر میں بڑے امدادی پروگرام کا انعقاد کیا گیا اور سینکڑوں غریب، مسکین اور مستحق خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان اور غذائی اجناس تقسیم کی گئیں۔امدادی پروگرام میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال اور توصیف خانزادہ نے شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی ،ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی وارا کین ،بھی موجود تھے۔امدادی پروگرام میں اورنگی کے رہائشی پشتو اور اردو بولنے والے بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔امدادی پروگرام کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ کمال اور توصیف خانزادہ نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،ایم کیوایم غریب اور متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جوملک سے فرسودہ نظام کے خاتمہ اور غریب عوام کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،ایم کیوایم کے نزدیک دکھی انسانیت کی خدمت سب سے بڑی عبادت ہے اور وہ یہ فریضہ شروع دن سے بلاامتیاز رنگ ونسل اور زبان انجام دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی نظر میں خدمت کے بغیر سیاست کھلی منافقت ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیشہ ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کو دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا اور یہی وجہ ہے کہ ہم قائدتحریک کی دی ہوئی تعلیمات پر عمل پیرا ہیں اور سیاست برائے خدمت پر عمل پیرا ہوکر غریب عوام کے مسائل ومشکلات کے حل کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کررہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہینگے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے جس کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ چاہتے ہیں لہٰذا یہ ضروری ہے کہ عوام اپنی آنیوالی نسلوں کے بہتر معیار زندگی اور انکے مستقبل کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ومنظّم ہوکر اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے کہا کہ بعض قوتیں جرائم پیشہ عناصر کا استعمال کر کے اپنے ذاتی مفادات کی تکمیل کیلئے اردو اور پشتو بولنے والے عوام کو آپس میں دست وگریباں کرا کر شہر کے حالت خراب کررہی ہیں لیکن انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ اردو اور پشتو بولنے والے ان کی کسی سازش کا شکار نہیں ہونگے۔انہوں نے کہا کہ آج کا یہ جلسہ اس بات کی غماز ہے کہ ہم سب قائدتحریک الطاف حسین کے ساتھ ہیں اور ایک اور متحد ہیں۔حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ہر مشکل وقت میں عوام کے درمیان رہتی ہے اور ایم کیوایم کی جانب سے بلاتفریق عوامی خدمت کا عمل سیاسی مفادات کے حصول کیلئے ہرگز نہیں ہوتا ہے بلکہ ایم کیوایم اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر اس کے نزدیک عوامی مسائل اور مشکلات کا حل ہی بنیادی ترجیح ہے۔امدادی پروگرام کے شرکاء نے رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست ارکان اسمبلی سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## مولانا امین کا بہیمانہ قتل شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے

## حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب کی جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کے مہتمم مفتی نعیم سے ٹیلی فون پر اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔6، اکتوبر2010ء

حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب نے جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کے مہتمم مفتی نعیم سے ٹیلی فون پر گزشتہ روز معروف عالم دین اور شیخ الحدیث مولانا امین کی دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔عبدالحسیب نے کہا کہ مولانا امین کا بہیمانہ قتل شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔اس موقع پر انہوں نے شہید کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔

## شیخ الحدیث مولانا امین الرحمٰن کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## حالیہ واقعات شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش ہے
## واقع میں ملوث دہشت گردوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے

کراچی۔۔6اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جامعہ بنوریہ العالمیہ کے شیخ الحدیث مولانا امین الرحمٰن کی ہلاکت کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کے اس واقعہ کوشہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ شیخ الحدیث مولانا امین الرحمٰن کا قتل کھلی دہشت گردی ہے جس کا مقصد شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانا ہے تا کہ ایک بار پھر شہر میں معصوم شہریوں کا خون بہایا جاسکے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پولیس ورینجرز کی موجودگی میں اس قسم کے واقعات ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکر یہ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اوروزیر داخلہ سندھ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ شیخ الحدیث مولانا امین الرحمٰن کے قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور واقع میں ملوث دہشت گردو کوجلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار اہلخانہ اور مفتی نعیم سمیت جامع بنوریہ العالمیہ کے تمام احباب سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولانا امین الرحمٰن کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## بلوچستان کے سابق رکن قومی اسمبلی میر بیزن بزنجو کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی
## نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔6،اکتوبر2010ء

بلوچستان کے سابق رکن قومی اسمبلی میر بیزن بزنجو کی سربراہی میں تین رکنی وفد نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور یوسف شاہوانی سے ملاقات کی اور ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔وفد نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کی اوراُمید ظاہر کی کہ برطانوی حکومت شہید کے قتل کی تحقیقات مکمل کرے گی اور قاتلوں کو جلد گرفتار کر کے کیفرِ کردار تک پہنچائے گی۔انہوں نے شہید کے سوگوار والدین ،دیگر عزیز واقارب اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تعزیت اور مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کیلئے دعا بھی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھہ زون کے تحت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی
## صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے دعائیہ اجتماع، رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور شاکر علی کی شرکت

ٹھٹھہ۔۔۔6،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھہ زون کے تحت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر وناگہانی آفتوں سے بچاؤ کیلئے دعائیہ اجتماع منعقد کیا گیا جسمیں یاسلامُ اور آیت کریمہ کا ورد کیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور شاکر علی،حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت سمیت اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین ٹھٹھہ زون کے زونل انچارج واراکینِ کمیٹی بھی موجود تھے۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر اور تحریک کے مشن و مقصد کی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست صوبائی وزیر کی ٹھٹھہ میں عبداللہ شاہ اصحابیؒ کے مزار پر حاضری قائدتحریک جناب لطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

ٹھٹھہ۔۔۔۔6،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اورشاکر علی نے حق پرست صوبائی وزیرخالد بن ولایت کے ہمراہ ٹھٹھہ میں عبداللہ شاہ اصحابیؒ کی مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پرایم کیوایم اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اورٹھٹھہ زون کے زونل انچارج ودیگر ارکان بھی موجود تھے۔انہوں نے ایم کیوایم کے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندوستی اور درازی عمر،ایم کیوایم کے کنونیر ڈاکٹرعمران فاروق شہیدسمیت تحریک کے تمام شہداء کی مغفرت، بلند درجات اور ملک کی بقاء وسلامتی اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے بھی دعائیں کیں۔ بعدازاں انہوں نے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار پر غریب مستحقین میں لنگر بھی تقسیم کیا۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی۔۔۔۔6،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ سکرنڈ کے یونٹ انچارج عمرعالم کی والدہ محترمہ زبیدہ بیگم،کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن غلام فرید کی والدہ محترمہ محفوظی بیگم،کورنگی سیکٹر یونٹ70 کے کارکن یامین کے بڑے بھائی عبدالرشیداورایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن شاہدعلی کے والد موسیٰ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی کے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوارن صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرنشاط ملک شہید کی والدہ اصغری ملک کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔6اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرنشاط ملک شہیداورایم کیوایم کے کارکن انبساط ملک کی والدہ محترمہ اصغری ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے انبساط ملک سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرنشاط ملک شہید کی والدہ اصغری ملک کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔6اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین اورایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے ارکان نے سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹرنشاط ملک شہیداورایم کیوایم کے کارکن انبساط ملک کی والدہ اصغری ملک کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگواراہلخانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضور مرحومہ کی مغفرت،ان کے بلند درجات اورسوگوارلواحقین کے صبر وجمیل کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆